مدیر کے قلم سے

تعارف تبصرہ کتب

کتاب: شاہ کونین کی شہزادیاں مصنف: مولانا محمد عبدالمعبود ضخامت: ۴۹۲

قیمت: درج نہیں ناشر: القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہؓ خالق آباد نوشہرہ

صحابہ کرامؓ اور صحابیاتؓ کی زندگیاں مسلمانوں کے لئے مشعل راہ ہیں۔ اور خصوصاً سرور کونین، سردار دو عالم ﷺ اور ان کے اہل خانہ صلوٰۃ علی اجمعین کے سوانح اصلاح معاشرہ، رشد و ہدایت، اور تنویر ایمان کے لئے نورٌ علی النور کی حیثیت رکھتے ہیں۔ اہل علم و دانش نے مختلف عناوین کے تحت سیر صحابیات کو بیان کیا ہے۔ اور اس پر مستقل کتابیں بھی تصنیف کی ہیں۔ محترم المقام جناب مولانا محمد عبدالمعبود صاحب جو ایک متبحر عالم دین محقق، مدقق، عظیم مصنف اور بہترین صاحب قلم ہیں۔ علمی و ادبی دنیا کی ایک جانی پہچانی شخصیت ہیں۔ انہوں نے مختلف بلند پایہ کتابیں مثلاً تاریخ مدینۃ المنورہ، تاریخ مکۃ المکرمہ، سیرت امہات المؤمنین اور شمائل و خصائص نبوی ﷺ تصنیف کی ہیں۔ آپکی تصانیف بیسیوں تک شائع ہو چکی ہیں۔ زیرنظر کتاب شاہ کونین کی شہزادیاں بھی ان کی ایک کڑی ہے۔ یہ کتاب معاشرتی خرابیوں کی بیخ کنی، نکاح و جہیز کے فرسودہ و جاں گداز رسومات کی اصلاح، مسلمان دوشیزاگان اور انکے والدین کے لئے مشعل راہ ہے۔ اور آج کے معاشرے میں پھیلے گئے روحانی امراض کیلئے بے حد مؤثر اور مفید تریاق ہیں۔ محترم جناب مولانا عبدالقیوم حقانی صاحب نے مدیر اعلیٰ القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہؓ خالق آباد نوشہرہ نے اس گنجینہ رشد و ہدایت کو افادہ عام کیلئے منصۂ شہود پر لا کر مسلمانان عالم پر احسان کیا ہے۔ مصنف مدظلہ کی یہ کتاب بھی ان کی دیگر کتابوں کی طرح ہر کتب خانے کی زینت ہے۔ اللہ تعالیٰ مصنف کے علم و عمل اور قلم میں مزید ترقی عطا فرمائے۔

کتاب: پریشانی کے بعد راحت مصنف: ابراہیم بن عبداللہ حازمی

ترجمہ و اضافات: مولانا خلیل الرحمان صاحب فاضل بنوری ٹاؤن کراچی ضخامت: ۲۳۰ صفحات

قیمت: ۱۲۰/- روپے ناشر: مکتبہ بیت العلم اردو بازار کراچی

زیرتبصرہ کتاب دراصل شیخ ابراہیم بن عبداللہ حازمی کی تالیف الفرج بعد الشدۃ و الضیقہ کا اردو زبان میں آسان فہم اور سلیس ترجمہ ہے۔ جس کی سعادت جامعۃ دالالعلوم اسلامیہ علامیہ بنوری ٹاؤن کے فاضل مولانا خلیل الرحمان کو حاصل ہے۔ کتاب کے مقدمہ میں جناب مولانا محمد حنیف صاحب رقمطراز ہیں کہ یہ کتاب بندہ کو حرمین الشریفین کے ایک سفر میں نظر سے گزری، جس میں مؤلف نے پریشانی کے بعد راحت کے متعلق عجیب و غریب واقعات